مت بھولنا ربّ ہے تیرے ساتھ

جب تیرے سب ہو جائیں رستے بند اور تنہائی میں کھو چکا ہو تو
جب چاروں جا ظلمتوں میں گھر جائے اور بے بسی سے کملا چکا ہو تو

ربّ ہے تیرے ساتھ یہ مت بھولنا تو
اس سے رشتہ پیار کا جوڑ لینا تو

جب ہو جائے دکھاوے سے تو عاجز اور فقر سے پریشاں ہو جائے تو
جب اپنوں کی حسرتیں تجھے کرلائیں اور آنسوؤں کو اپنے روک نہ پائے تو

ربّ ہے تیرے ساتھ یہ مت بھولنا تو
اس سے رشتہ پیار کا جوڑ لینا تو

جب ترے مسائل ہو جائیں بہت اور سانحوں سے بچ نہ پائے تو
جب تو الجھنوں میں ہو الجھ چکا اور اُنہیں سلجھا نہ پائے تو

ربّ ہے تیرے ساتھ یہ مت بھولنا تو
اس سے رشتہ پیار کا جوڑ لینا تو

جب تیرے ٹوٹ جائیں رشتے سارے کوشش سے بھی انہیں جوڑ نہ پائے تو
جب تجھ سے منہ موڑیں ہمدم سارے اور دل کو سکون نہ دلا پائے تو

ربّ ہے تیرے ساتھ یہ مت بھولنا تو
اس سے رشتہ پیار کا جوڑ لینا تو

اوہام میں جب تو گھر چکا ہو اور سب پہ شک کرنے لگ جائے تو
مایوسیوں میں جب گھر چکا ہو اور آس کی گاگر توڑ لے تو

ربّ ہے تیرے ساتھ یہ مت بھولنا تو
اس سے رشتہ پیار کا جوڑ لینا تو

جب چھڑائیں سارے تجھ سے اپنی جاں اور کوئی آسرا ڈھونڈ نہ پائے تو
جب ہو جائیں بند امید کے سارے در اور مصائب میں گھر چکا ہو تو

ربّ ہے تیرے ساتھ یہ مت بھولنا تو
اس سے رشتہ پیار کا جوڑ لینا تو

جب حوادث میں تو گھر چکا ہو اور کوئی صدمہ نہ اب سہہ پائے تو

جب تمناؤں کا خوں ہو جائے اور اپنوں سے دور ہو چکا ہو تو
ربّ ہے تیرے ساتھ یہ مت بھولنا تو
اس سے رشتہ پیار کا جوڑ لینا تو
جب گناہوں سے نہ ہو تکلیف تجھے اور اپنے ربّ سے لو لگا نہ پائے تو
گر جا تو ربّ کے سامنے سجدے میں یہ ناممکن ہے خیر نہ پائے تو
ربّ ہے تیرے ساتھ یہ مت بھولنا تو
اس سے رشتہ پیار کا جوڑ لینا تو